500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ یکم اکتوبر ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی، 12 ستمبر: 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اور تمام بینکوں کی شاخوں سے تبدیل کرانے کی مدت ختم ہونے میں 20 روز باقی رہ گئے ہیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایس بی پی بی ایس سی یکم اکتوبر 2012ء کے بعد نہ تو یہ بینک نوٹ تبدیل کرے گا اور نہ ہی اس کی قیمت کسی فرد یا بینک کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

چنانچہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو ایک بار پھر ہدایت کی ہے کہ وہ 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ ملک بھر میں قائم ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اور بینکوں کی 10 ہزار سے زائد شاخوں سے یکم اکتوبر 2012ء تک بینکاری اوقات کے دوران تبدیل کرالیں۔

یاد رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ کی قانونی حیثیت پہلے ہی ختم کی جا چکی ہے چنانچہ اس نوٹ کو قانونی طور پر لین دین کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اس نوٹ کو مندرجہ بالا تاریخ تک ایس بی پی بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر اور بینکوں کی شاخوں سے صرف تبدیل کرایا جا سکتا ہے۔

[.☆☆☆]